سوال

(113) سنتیں پڑھنے کی امامت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص سنتیں پڑھ رہا تو کیا دوسرا آنے والا اس کے ساتھ بطور جماعت شامل ہو کر اپنے فرض پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ (محمد شاہد میمن)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا صریح ثبوت مجھے معلوم نہیں ہے سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تہجد والی حدیث پر قیاس کر کے بعض لوگ جواز کے قائل ہیں۔ تاہم دلیل صریح نہ ہونے کی وجہ سے ایسے عمل سے اجتناب بہتر ہے البتہ یہ مسئلہ مسلم اور ثابت ہے کہ امام کی نیت نفل نماز کی ہے کی ہو اور مقتدیوں کی فرض تو دونوں کی نماز درست ہے۔ (شہادت جولائی 2001ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ 294

محدث فتویٰ